© rasailojaraid.com



# حُسنِ انتقاد

تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

● خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین (حسنِ کردار و عمل)

مصنف: الشیخ خالد البیطار، مترجم: مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمۃ اللہ علیہ ضخامت: 400 صفحات، قیمت: 250 روپے

ناشر: مکتبہ جمال، تیسری منزل، حسن مارکیٹ اردو بازار، لاہور۔ رابطہ: 0300-8834610,042-37232731

خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم کی سیرت و سوانح اور کارناموں کے تذکروں پر مشتمل عربی، انگریزی، اردو اور دیگر زبانوں میں سینکڑوں کتابیں موجود ہیں جن سے استفادہ کرتے ہوئے دنیا بھر کے مسلمان اپنے ایمان کو منور کر رہے ہیں۔ (الحمدللہ) اللہ تعالیٰ نے حضور خاتم النبیین سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر بلند کیا تو آپ کے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین کا ذکر بھی ہمیشہ کے لیے بلند کر دیا۔

جماعت صحابہ، اللہ تعالیٰ کی منتخب جماعت ہے اور صحابی کسی بھی درجے کا ہو پوری امت پر بھاری ہے یہ صحبت و نسبتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا فیض ہے۔ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد امت کی قیادت و رہنمائی بھی از روئے قرآن و حدیث صحابہ کرام ہی کے حصے میں آئی۔ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت و خلافت کا حق ادا کیا اور امت کو دین پر قائم رکھا۔

معروف عرب عالم اور ادیب جناب شیخ خالد البیطار نے کئی سال پہلے خلفائے راشدین سیدنا ابوبکر، سیدنا عمر، سیدنا عثمان اور سیدنا علی رضی اللہ عنہم کے حسنِ کردار و عمل پر الگ الگ رسائل تصنیف فرمائے۔ ماضی قریب کے ایک جید عالمِ دین، محقق اور ممتاز دانش ور مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ نے ان رسائل کا اردو میں ترجمہ کیا۔ اُن کے بقول:

> ”یہ رسائل باقاعدہ سوانح پر مشتمل نہیں بلکہ ان بزرگوں کے اخلاق و کردار اور خدمات کی ایک جھلک ہے۔ مؤلف نے جدید ادبی اسلوب میں اپنے دیار کے نوجوانوں کے لیے یہ سلسلہ مرتب کیا ہے تاکہ آج کے افسانوی لٹریچر کا رسیا نوجوان دلچسپی سے اس سلسلے کو پڑھ کر اس سے بہرہ مند ہو سکے۔ ہم نے ترجمہ میں وہی انداز اختیار کیا ہے۔“

مترجم مولانا سعید الرحمٰن علوی رحمہ اللہ نے سیدنا حسن بن علی اور سیدنا معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہم کے احوال و خدمات اور اُن کے ادوارِ خلافتِ راشدہ کو بھی کتاب میں شامل کیا ہے اور کمالِ تالیف یہ ہے کہ مؤلف کا اسلوب برقرار رکھا ہے۔ یہ کتاب اس لیے بھی اہم اور منفرد ہے کہ اس میں چھے خلفائے اسلام صحابہ رضی اللہ عنہم کے احوال، کارنامے اور خدمات یک جا ہو گئے ہیں۔ (تبصرہ: کفیل بخاری)



© rasailojaraid.com